21/01/2026 09.20 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُن

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے دیر پا سڑکوں کی تعمیر میں slag کی بنیاد والی ٹیکنا لوجی بروئے کار لانے کی سفارش کی ہے خاص طور پر مشکل ترین steel علاقوں اور پہاڑی ریاستوں میں۔

گلوبل Ramuka ”ٹیکنا لوجی ڈیولپمنٹ بورڈ اور وِشاکھا پٹنم میں قائم صنعتی شراکت دار پرائیویٹ لمیٹیڈ“ کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ، Ecowork وزیر موصوف نے کہا کہ اب ریاستوں کو بھی اس ٹیکنا لوجی سے روشناس کر ایا جا رہا ہے۔
ا

نہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ورکشاپوں کے انعقاد کا سلسلہ اگلے ہفتے سے جموں و کشمیر ± سے شروع کیا جائے گا۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے نبارڈ کی اعلیٰ اختیاری کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے یعنی رورل انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت دِر دست لئے گئے پروجیکٹوں پر RIDF ہوئے پیش رفت کا جائزہ لینے کے علاوہ اس سکیم کے تحت جموں وکشمیر کے لئے تجویز شدہ نئے پروجیکٹوں سے متعلق جانکاری حاصل کی۔

اس موقعہ پر انہوں نے رقومات کی بلا خلل دستیابی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام سے کہا کہ وہ پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنائیں۔

ایک اور میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری کی سربراہی والی یونین ٹیریٹری لیول قائمہ کمیٹی نے کے تحت ایک ہزار 6 سو 26 آبادیوں کو ملانے کی غرض سے 16 ہزار کروڑ روپے PMGSY مالیت کے سڑک پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

DGP

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پربھات نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران گاندربل ضلعے کی سکیورٹی صورتحال اور پولیس جوانوں کی تیاری کی حالت کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے خاص طور پر امن و قانون ، دہشت پسندی مخالف کاروائیوں ، جرائم کے انسداد کے اقدامات نیز یوم جمہوریہ کی تقریب کے لئے کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

کشمیر وی کے بردی IGPایس جے ایم گیلانی ، DGP کے سپیشل Co-ordination میٹنگ میں گاندربل خلیل احمد پوسوال بھی موجود تھے ۔ SSP راجیو پانڈے اور DIG وسطی کشمیر کے

ورکشاپ

جمونو کشمیر سینٹر نے کئی دیگر محکموں کے The Institution of Engineers (INDIA) اشتراک سے سرینگر میں آگ لگنے کی وجوہات اور ان سے بچنے سے متعلق موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

اس موقعے پر ماہرین نے آگ سے بچاؤ کے مختلف طور طریقوں سے شرکاءکو روشنا کے چیرمین انجینئر فردوس احمد بٹ نے IEI-JKSC کرایاورکشاپ کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

قومی گیت وندھے ماترم

وادی کے مختلف اضلاع میں قومی گیت وندھے ماترم کے ڈیڑھ سو برس مکمل ہونے کی مناسبت سے دوسرے مرحلے کی تقریبات کا آغاز حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ ہو گیا ہے ۔

ڈاکٹر نصیر ADDC آڈیٹوریم ہال گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیان میں منعقدہ تقریب پر ضلعے کے احمد لون مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔ ہفتہ بھر کی تقریبات کے دوران حب الوطنی کے جذبے سے سرشار تمدنی پروگرام پیش کئے جائیں گے ۔

Climate change

آب ہوا کی تبدیلی سے جمونو کشمیر میں بھی زرعی اور باغبانی کا شعبہ متاثر ہو رہا ہے اور آبی ذخائر پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

اس حوالے سے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیرمیں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

کھیلو انڈیا

لداخ کے شہر لیہہ میں مو سم سرما کے چھٹے کھیلو انڈیا مقابلے شروع ہوگئے ہیں جن کا افتتاح لیفٹننٹ گورنر کوِندر گپتا نے کیا ۔

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے کھلاڑی، برف پر کھیلے جانے والے ہاکی 21 اور اسکیٹنگ کے مقابلوں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی2اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ